(5) کیا جوڑوں میں تکلیف دونوں طرف ایک جیسی ہے یا ایک طرف زیادہ اہم ہے

(6) کیا تمام جوڑوں میں یہ تکلیف ایک ساتھ شروع ہوئی

(a) ایک میں ختم ہو کر دوسرے جوڑ میں شروع ہوئی

(b) ایک جوڑ میں ابھی ختم نہیں ہوئی تھی کہ دوسرے جوڑ میں شروع ہو گئی

(7) کیا ان جوڑوں کی تکلیف کے ساتھ آپ کو گردن میں

(a) اکڑاہٹ میں اضافہ ہوتا ہے

(b) کبھی کبھی تکلیف ہوئی ہے

(8) کیا پہلے کبھی آپ کو جوڑوں کی یہ تکلیف

Associated Symptoms:

کیا جوڑوں کے درد کے ساتھ آپ کو بخار تو نہیں ہے

کیا جوڑوں کے درد کے ساتھ آپ کا وزن تو نہیں کم ہوا

"ETIOLOGY"

کیا جوڑوں کے درد کے ساتھ آپ کو اور بھی کوئی تکلیف بھی رہی ہے

کیا سر اور داڑھی کے بال بہت زیادہ گرتے ہیں

کیا جوڑوں کے درد کے ساتھ آپ کو یہ علامات ہوتی ہیں (ایک سے زیادہ)

بخار ہو جانا

ہوش میں کمی آنا

بے ہوش ہو جانا

لوگوں کو، چیزوں کو، جگہ کو نہ پہچان سکنا

جھٹکے آنا

بازوں یا ٹانگ میں کمزوری آنا

آنکھوں کا دھندلا پن ہو جانا

اور ان سب کی وجہ سے آپ ہسپتال میں داخل رہے

ہوں جہاں آپ کے پیشاب کا رنگ تبدیل ہوا

ہو

کیا آپ کو آنکھوں میں یہ تکلیف تو کبھی نہیں ہوئی

آنکھیں سرخ ہو جانا

آنکھوں میں درد ہونا

نظر کمزور ہونا

رات کے وقت کچھ دکھائی نہ دینا

آنکھ کا اندر والا پردہ کمزور ہو جانا

آنکھوں میں زیادہ روشنی حساس ہونا

- کیا کبھی آپ کو سر کے اگلے حصے میں اور چہرے میں درد تو نہیں محسوس ہوا جسکے ساتھ نزلہ، زکام، ناک کا بند ہو جانا ہوا ہو اور یہ درد آگے کی طرف جھکنے سے زیادہ ہوا ہو۔
- کیا کبھی ناک سے بار بار خون آنے کی شکایت تو نہیں رہی ہے
- کیا آپ کو کبھی یہ علامات تو نہیں رہی ہیں
  - منہ کھولنے میں تکلیف ہونا
  - منہ پورا نہ کھول سکنا
  - منہ خشک محسوس ہونا
  - منہ میں بار بار چھالے نکلنا
  - منہ میں بار بار زخم بن جانا
  - ہر کھانے کے نوالے کے ساتھ پانی کی ضرورت محسوس ہونا
- کیا جوڑوں کے درد سے ہفتہ یا دو ہفتے پہلے یا جوڑوں کے درد کے ساتھ آپ کا گلہ تو خراب نہیں ہوا تھا
- کیا آپ کو کھانا نگلنے میں درد یا تکلیف تو محسوس نہیں ہوتی ہے
- کیا کبھی الٹی یا متلی کی شکایت رہی ہے
- کیا ان جوڑوں کی تکلیف کے ساتھ آپ کو کبھی یہ شکایات رہی ہیں:
  - کھانسی رہنا (خشک یا بلغم کے ساتھ)
  - کھانسی میں خون آنا
  - سانس کا پھولنا
  - چلنے سے کھانسی ہونا، سانس پھولنا، ہونٹ نیلے پڑنا
  - سینے کے ایکسرے میں پھیپھڑوں کا خشک ہونا
  - پھیپھڑوں میں پانی کا ہونا

کیا جوڑوں کے درد کے ساتھ دل کی کسی قسم کی تکلیف تو نہیں ہے

- دل کے سوراخ تنگ یا کھل جانا
- دل بڑا ہو جانا
- دل کی رگوں کا تنگ ہو جانا
- دل کے پردے میں پانی کا بھر جانا

کیا جوڑوں کے درد کے ساتھ آپ کو یہ مسئلے تو نہیں ہوتے ہیں

- پیٹ میں درد ہونا
- پسلیوں کے نیچے دائیں یا بائیں طرف بوجھ محسوس ہونا (اور معائنے سے پتہ چلا ہو کہ آپ کی تلی یا جگر بڑھ گیا ہے)
- جسم میں گردن میں بغلوں میں گلٹیوں کا نکلنا

کیا کبھی جوڑوں کے درد کے ساتھ آپ کو گردوں کی کوئی تکلیف تو نہیں ہوئی

- کیا کبھی USG کے معائنے سے آپ کو گردوں کا کمزور یا خشک ہونا یا حجم میں کم ہونا معلوم ہوا ہے۔ یا خون اور چھوٹے پیشاب کے ٹیسٹ کے ذریعے سے گردوں کی کمزوری کے بارے میں معلوم ہوا ہو

کیا کبھی جوڑوں کے درد کے ساتھ آپ کو یہ تکلیف تو نہیں رہی ہے

- پیٹ کے نچلے حصے میں درد رہنا
- دست رہنا اور اس میں خون یا ریشہ آنا
- دست ٹھیک ہو کے قبض ہو جانا
- بڑے پیشاب میں خون آنا
- آنکھوں میں پیلاہٹ ہونا

- کیا آپ کو بار بار چھوٹے پیشاب میں زخم (U.T.I) تو نہیں ہو جاتا ہے۔ کیا کبھی گردوں میں پتھریاں تو نہیں رہی ہیں
- کیا اعضائے مخصوصہ پر کوئی زخم تو بار بار نہیں نکلتے ہیں
- کیا آپ کو بار بار حمل ضائع ہونے کی شکایت تو نہیں رہی ہے
- کیا آپ کو کبھی ایک ٹانگ میں خون جم جانے کی وجہ سے سوجن کی شکایت رہی ہے۔

SKIN MENIFESTATIONS:

- کیا کبھی ویسے یا سردی کے موسم میں یا ٹھنڈے پانی میں رکھنے سے آپ کی انگلیاں نیلی تو نہیں پڑ جاتی ہیں
- کیا آپ کی انگلیوں پر کبھی خود بخود زخم بننا شروع ہوئے یا انگلیوں کے سرے خشک اور کالے ہونا شروع ہوئے ہیں
- کیا آپ کو اپنے ہاتھوں، پیروں یا جسم کی کسی اور حصے کی جلد سخت ہونا محسوس ہوئی ہے
- کیا آپ کو ہاتھوں کے جوڑوں کے اوپر نیلے قسم کے دھبے تو نہیں نکل آئے ہیں (Gottron's Papules)
- کیا ہاتھوں، پیروں پر ویسے یا دھوپ میں نکلنے سے کوئی خارش / دھبے تو نہیں نکل آتے
- کیا آپ کو کبھی جلد کے نیچے کسی قسم کی گلٹی نکلنے کی شکایت ہوئی ہے
- کیا آپ کو بازوؤں کی الٹی طرف، ٹانگوں کے سامنے طرف کانوں کے پیچھے، پیٹھ پر کسی طرف کوئی خارش نکلنے کی شکایت رہی ہے جو کافی عرصے سے ہو اور مکمل طور سے ٹھیک نہ ہو رہی ہے (Psoriasis)
- کیا آپ کی آنکھوں کے اردگرد، چہرے پر، گردن کے آگے یا پیچھے ویسے یا دھوپ میں نکلنے سے کسی قسم کی خارش نکل آئی ہو یا کوئی داغ پڑ جاتے ہیں یا تھوڑی پر کوئی دانے نکل آئے ہوں (Lupus Pernio)

کیا آپ کو ہاتھوں یا پیروں کی انگلیوں میں سُن تو نہیں محسوس ہوتا۔

MUSCULOSKELETAL :

کیا آپ کو پٹھوں میں زیادہ اور ہر وقت درد تو نہیں محسوس ہوتا ہے۔

کیا درد کے ساتھ پٹھوں کی کمزوری تو نہیں محسوس ہوتی

کیا زمین سے اُٹھتے وقت بغیر سہارے کے اُٹھتے ہیں یا سہارے کی ضرورت پڑتا ہے

کیا جوڑوں کے درد کے ساتھ آپ کو ہڈیوں میں بھی درد ہوتا ہے جو کام کاج کرنے سے بڑھ جاتا ہے

کیا آپ کی کمر میں تو شدید درد نہیں رہتا — گردن میں نچلی کمر میں

کیا آپ آگے کی طرف (جیسے رکوع میں) آسانی سے جھک سکتے ہیں

کیا پہلے آپ کی کوئی ہڈی (ریڑھ کی یا دوسری) فریکچر ہوئی ہے (کیا خود بخود تو نہیں ہو گئی تھی)

Associated autoimmunes

کیا آپ کو شوگر کا مرض تو نہیں ہے

پہلے کبھی گلہڑ کی کوئی تکلیف تو نہیں رہی

گندم اور اس سے بنی ہوئی اشیاء سے آپ کو (کھانے کے بعد) دست تو نہیں رہتے

آپ کو معدے کی جلن اور خون میں حیاتین کی کمی کی بیماری تو نہیں رہی (B 12)

"FUNCTIONAL DISABILITY"

- کیا جوڑوں کے درد کی وجہ سے آپ کو اپنے دفتر / کام میں کوئی مشکل پیش آتی ہے
- کیا آپ کو کام / دفتر سے بار بار چھٹی لینی پڑتی ہے
- کیا آپ اپنا کام صحیح طور سے انجام نہیں دے پاتے اور آپ کی کارکردگی دن بدن کم ہوتی جا رہی ہے
- کیا بازار / مسجد تک آنے جانے میں درد / دقت ہوتی ہے
- کیا آپ کو وضو کرنے میں کوئی مشکل پیش آتی ہے
- کیا نماز کھڑے ہو کر پڑھتے ہیں۔ کرسی پر بیٹھ کر یا زمین پر بیٹھ کر
- کیا دوست احباب کے ساتھ، گھر والوں کے ساتھ گھومنے پھرنے جا سکتے ہیں۔ کیا گاڑی خود چلا سکتے ہیں
- کیا گھر کے روزمرہ کام کر سکتے ہیں (کھانا پکانا، صفائی، دھلائی)
- کیا اپنے کام خود کر سکتے ہیں (کپڑے بدلنا، کھانا کھانا، باتھ روم جانا)
- کیا انگشتی کموڈ تو استعمال نہیں (دوسرا استعمال نہیں کر سکتے)

"INVESTIGATIONS"

- آپ نے اپنے جوڑوں کے درد کی تشخیص کیلئے اب تک کون سے ٹیسٹ کروائے ہیں

"BLOOD TESTS"

- خون کا عام ٹیسٹ (FBC) اور اس میں کیا تھا
- سرخ خون کی کمی (Anemia)
- خون کے تمام اجزا کی کمی (Pancytopenia)
- سفید خلیوں کا بڑھ جانا (Leukocytosis)

خون میں سوزش بتانے والے ٹیسٹ

ESR

CRP

Ferritin.

گردوں کی خرابی بتانے والے ٹیسٹ

S. Albumin, S. Proteins, Urea, Creatininine, Electrolytes

جگر کی گرمی بتانے والے ٹیسٹ

LFTs, Albumin, PT/INR, APTT

کالے یرقان کے ٹیسٹ

Hep B₃Ag, Anti-HCV Abs

خون میں Ca^{++} اور Vit D کے ٹیسٹ

جوڑوں کی خاص بیماریوں کے لیے ٹیسٹ

ASO Titers

Rh. A Factor

Anti-CCP

ANA profile.

RADIOLOGY:

کیا آپ نے کبھی ان میں کوئی ایکسرے کروایا ہے

ہاتھوں کا ایکسرے

پیروں کا ایکسرے

بازوں یا ٹانگ کے کسی بڑے جوڑ کا ایکسرے

کمر کے نچلے حصے اور کولہے کی ہڈیوں کا ایکسرے

ریڑھ کی ہڈی کا ایکسرے

ان میں سے کسی ایکسرے میں کیا ہے

مسئلہ تو نہیں تھا

- جوڑا جوڑوں کا سوج جانا
- ہڈیوں کا گھس جانا
- جوڑوں کا ٹیڑھا ہو جانا
- ٹھیروں کا کمزور ہونا یا فریکچر ہو جانا
- جوڑ کے اندر پانی ہونا

- کیا آپ کے پیٹ کے ٹی وی معائنے میں یہ مسئلہ تو نہیں تھا

- تلی بڑھ جانا
- جگر بڑھ جانا یا خشک ہو جانا
- گردوں کا کمزور ہو جانا
- پیٹ میں پانی ہو جانا
- آنتوں کی سوجن ہو جانا
- گردوں میں پتھری ہو جانا
- پتے میں پتھریاں ہو جانا

- کیا آپ نے کبھی سینے کا عام یا رنگین ایکسرے کروایا ہے اگر ہاں تو کیا اس میں یہ مسئلہ تو نہیں تھا

- پھیپھڑوں کا خشک ہونا
- پھیپھڑوں میں پانی ہونا
- دل اور پھیپھڑوں کے درمیان گلٹیوں کا ہونا

- کیا یہ پہلے آپ نے دل کا ٹی وی معائنہ تو نہیں کروایا ہے
- کیا کبھی کسی ٹانگ کا ٹی وی کے ذریعے رگوں کا معائنہ تو نہیں کروایا
- کیا سر کا بڑا رنگین ایکسرے تو نہیں ہوا

OTHERS :

- کیا آپ نے کبھی ٹیسٹ کروائے ہیں
- چھوٹے پیشاب کا عام ٹیسٹ
- چھوٹے پیشاب کا (24) گھنٹے والا ٹیسٹ
- گہرے کے کلچر والا ٹیسٹ
- کسی جوڑ سے پانی نکال کر کیا جانے والا ٹیسٹ
- بڑے پیشاب کا معائنہ
- ہڈی آنتوں کا معائنہ (Colonoscopy)
- گلے سے نلکی کے ذریعے کیا جانے والا ٹیسٹ

MEDICATIONS :

- آپ نے ابھی تک اس بیماری کی تشخیص کے لیے کیا علاج کروایا ہے
- ہومیو پیتھی علاج
- ایلوپیتھی علاج
- ڈاکٹری علاج
- آپ نے ابھی تک کون سی دوائی استعمال کی ہے
- صرف دردوں کی دوائی (Panadol)
- دردوں کی اور دوائیاں (NSAIDS)
- سٹیرائیڈز، چھوٹی گولیاں (Steroids)
- ہفتہ وار گولی (Methotrexate)
- کیلشیم کی گولیاں
- وٹامن ڈی کی گولیاں انجکشن

- جلد کی خارش کے لیے دوائی (Topical steroids)
دھوپ میں نکلتے وقت کریم استعمال (sun-block)
- جوڑوں کے دردوں کے انجکشن جن کی قیمت 50 ہزار سے ① لاکھ تک ہو (Infliximab, Rituximab)
- جوڑوں کے اندر لگائے جانے والا انجکشن (Triamcinolone)
- جسم میں "Uric Acid" کم کرنے والی دوائی (Allopurinol, Probenecid, Febuxostat).
- ہڈیوں کو مضبوط بنانے والا انجکشن جو ہر ماہ یا ہر ہفتہ لگاتے ہیں (INJ BISPHOSPHONATES)
- ہڈیوں کو مضبوط بنانے والی گولیاں جو ① گلاس پانی کے ساتھ لی جاتی ہیں

FAMILY Hx "

- کیا خاندان میں کسی کو جوڑوں اور کمر کے درد کی بیماری تو نہیں ہے

By Dr. Sufyan Ahmed
Dr. Hamayun Masood

(6)

"COUGH" "کھانسی"

PRELIMINARIES

Same as for other diseases

"CHIEF COMPLAINTS"

- آپ کو کھانسی کتنے عرصے سے ہے
  - (2) ہفتوں سے
  - (3) سے (8) ہفتوں سے
  - (8) سے زیادہ ہفتوں سے
- کیا کھانسی کی بیماری کسی سے لگ سکتی ہے
- کھانسی کتنی شدید ہوتی ہے
  - ہلکی سی / تھوڑی سی
  - درمیانی شدت کی
  - بہت شدید / زیادہ ہوتی ہے
- کیا کھانسی دن کے کسی خاص حصے میں زیادہ ہوتی ہے جیسے
  - رات کو / صبح سویرے
- کیا کھانسی دن میں کتنی بار آتی ہے اور ایک دفعہ شروع ہونے کا بعد کھانسی کا دورانیہ کتنا ہوتا ہے
- کیا کھانسی دن بدن بڑھتی چلی جا رہی ہے
- آپ کی کھانسی کن چیزوں سے زیادہ ہو جاتی ہے
  - کھانا کھانے کے بعد
  - گرد و غبار اور دھوئیں سے
  - ٹھنڈ میں
  - بہار کے موسم میں پھول کھلنے کے وقت میں
  - ورزش کرنے سے
  - ذہنی دباؤ اور پریشانی سے
  - کسی خاص قسم کی دوائی سے
  - حمل کے دوران

کھانسی کن چیزوں سے ٹھیک ہو جاتی ہے
آرام کرنے سے
سپرے والی دوائی سی
پیشاب آور گولی لینے سے

کیا کھانسی آپ کو روزانہ آتی ہے یا ہفتے میں کتنی بار آتی ہے

ASSOCIATED SYMPTOMS:

کیا کھانسی کے ساتھ آپ کو یہ علامات تو نہیں رہتی ہیں

① بلغم آنا
- اُسکی مقدار کتنی ہے
  - ① چمچ
  - آدھا پیالہ
  - ① پیالہ
- اُس میں خون تو نہیں آیا
- اُسکا رنگ کیسا ہوتا ہے
- اُس سے بدبو تو نہیں آتی

② بغیر بلغم کے خون آنا، اگر ہاں تو کتنی مقدار میں

③ سینے میں درد ہونا

④ سانس پھولنا

⑤ سینے میں سے سیٹیوں کی آوازیں آنا

⑥ بخار ہونا

⑦ وزن کم ہونا

ETIOLOGY :

"PND" "DNS" "BRONCHITIS"

کیا آپ کو کھانسی کے ساتھ یہ تکالیف تو نہیں رہی ہے :

نزلہ زکام رہنا یا ہر وقت ناک بند رہنا

گلے خراب رہنا اور گلے میں درد رہنا

گلے کی خرابی کے بعد کھانسی اور بلغم شروع ہونا

"Asthma"

کیا آپ کو کھانسی کے ساتھ یہ علامات تو نہیں رہی ہیں

- سینے میں بوجھ اور درد محسوس ہونا
- سینے میں سے سیٹیوں کی آوازیں آنا
- سانس کا پھولنا۔ جلد کی خارش، چھینکیں، آنکھوں سے پانی آنا
- سردیوں میں سانس اور کھانسی کا بڑھ جانا
- بچپن سے دمہ کی تکلیف ہونا
- خاندان میں کسی کو دمہ کی بیماری ہونا

"COPD"

- کیا کھانسی کے علاوہ آپ کو ان میں سے کوئی علامات ہیں
- دو سال میں مسلسل (3) ماہ سے زیادہ بلغم کا آنا
- تمام سال کھانسی رہنا اور دن بدن زیادہ ہونا
- سگریٹ، حقہ کا استعمال کرنا
- گھر میں لکڑیاں جلانا
- کسی فیکٹری میں کام کرنا جہاں دھواں زیادہ ہو
- گھر بالکل سڑک کے کنارے ہونا

"ECF"

- کیا کھانسی کے ساتھ آپ کو یہ تکالیف تو نہیں رہی ہیں
- چلتے پھرتے یا بیٹھے ہوئے سانس پھولنا
- رات کو لیٹے ہوئے سانس پھولنا
- ٹانگوں میں پیروں میں ورم آجانا
- دل کی کسی قسم کی بیماری تشخیص ہونا

- کیا پہلے آپ کو پھیپھڑوں یا کسی اور قسم کی T.B تو نہیں رہی
- کیا خاندان میں کسی کو پھیپھڑوں کی T.B تو نہیں رہی ہے
- کیا بار بار آپ کو نمونیا تو نہیں ہو جاتا ہے
- کیا نزلہ زکام شروع ہونے کے بعد سینہ بخار ہونا کھانسی ہونا اور بلغم آنا تو شروع نہیں ہوا

"ED"

- کیا آپ کو کھانسی کے ساتھ چلنے پھرنے سے سانس پھولنے اور سینہ میں پڑ جانے کی تکلیف تو نہیں رہی
- کیا آپ کو سانس کی تکلیف ان چیزوں سے زیادہ تو نہیں ہو جاتی ہے
- کھیتوں میں کام کاج کرنے سے
- گنے کی فصلوں سے
- گنے کی فصلوں سے اور کٹائی کے بعد
- گھر میں پرندوں کی دیکھ بھال سے
- کسی سیمنٹ کی فیکٹری میں کام کرنے سے
- کوئلے کی کان میں کام کرنے سے
- لکڑی چیرنے کی فیکٹری میں کام کرنے سے
- کیا کھانسی کے ساتھ آپ کو یہ تکالیف تو نہیں رہی ہیں
- بالوں کا زیادہ گرنا
- چہرے پر اور جلد پر خارش، دانوں کا نکلنا
- جوڑوں میں درد ہونا اور سوجن ہونا
- منہ میں چھالوں کا نکلنا (بار بار)
- آنکھوں میں پتلا پن محسوس ہونا
- جلد کا سیاہ ہو جانا
- گلٹیوں کا نکلنا
- ہاتھ پیر سن محسوس ہونا

کیا آپ کو پہلے کوئی سرطان تو تشخیص تو نہیں ہوا

جیسے

- پھیپھڑوں کا Malignancies
- چھاتی کا
- پراسٹیٹ کا
- بچہ دانی کا
- خون کا سرطان / گلٹیوں کا سرطان

- کیا کھانسی کے ساتھ آپ کو (سرطان) کی یہ علامات تو نہیں ہوئی ہیں

Malignancies

- تیز بخار ہونا
- وزن کم ہونا
- جلد پر خارش ہونا
- بہت زیادہ پسینے آنا
- گردن میں، بغلوں میں گلٹیوں کا نکلنا

- کیا کبھی سرطان کے علاج کے لئے آپ نے شعاعوں کا علاج تو نہیں کروایا ہے

VTE

- کیا آپ کی ایک ٹانگ خون جم جانے کی وجہ سے سوج تو نہیں گئی تھی جسکے بعد آپ کو کھانسی اور سانس کا پھولنا شروع ہوا

Others

- کیا آپ کو یہ کھانسی بلڈ پریشر کی کوئی دوائی شروع ہونے کے بعد تو نہیں ہوئی

ACE Inhibitors -

β - blockers -

- کیا کھانسی جوڑوں کی ہفتہ وار گولی کھانے کے بعد تو شروع نہیں ہوئی (Methotrexate)

- کیا بچپن سے آپ کو کھانسی، دست رہنے کی بیماری تو نہیں رہی ہے۔ کھانسی کے ساتھ بلغم کا آتا ہو اور بار بار نمونیا ہو جاتا ہو (Cystic Fibrosis)

- کیا کھانسی کے ساتھ ساتھ آپ کو یرقان کی شکایت تو نہیں رہی ہے (α-Anti Trypsin def)

- کیا آپ کو کھانسی کے ساتھ یہ تکالیف تو نہیں رہی ہیں
  - وزن بہت زیادہ ہونا
  - رات کو سانس بند ہو جانا اور خراٹے لینا
  - دن کو نیند آنا
  - دن کو تھکاوٹ محسوس ہونا

- کیا آپ کو ان میں سے کوئی تکلیف تو نہیں رہی ہے
  - پٹھوں میں درد محسوس ہونا
  - پٹھوں میں کمزوری محسوس ہونا
  - بازوؤں ٹانگوں میں کمزوری محسوس ہونا
  - آنکھوں کے پپوٹوں کا صحیح نہ اُٹھنا
  - چیزوں کا دُگنا نظر آنا

COMPLICATIONS:

- ہرنیا ہو جانا
- بے ہوشی ہونا یا سر چکرانا
- چھوٹا بڑا پیشاب بے قابو ہو جانا
- دل بڑا ہو جانا

Precipitating:

- اس دفعہ کھانسی کیوں زیادہ ہو گئی تھی
- دوائی لینا چھوڑ دی تھی
- نزلہ پہلے زکام ہو گیا تھا
- نمونیا ہو گیا تھا
- گرد و غبار اور دھوئیں کی وجہ سے
- موسم بہار یا سردی کی وجہ سے

Investigations:

- سینے کا ایکسرے (CXR) اور اس میں کیا نقص تھا۔
- دھبے ہونا
- پھیپھڑے خشک ہونا
- نمونیا ہونا
- T.B ہونا
- پھیپھڑوں میں پانی ہونا
- سرطان کا شک ظاہر ہونا
- گلٹیوں کا ہونا
- دل کا گراف اور (ECG) کی رپورٹ

- بلغم کا ٹیسٹ عام جراثیم کے لیے
  TB کیلئے
  سرطان کے لئے
- سینے کا بڑا رنگین ایکسرے
- پھیپھڑوں سے پانی نکالے جانے والا ٹیسٹ
- پھیپھڑوں کے پردے سے ملنے کا ٹیسٹ (Pl. biopsy)
- ناک کے ذریعے پھیپھڑوں کا کیمرے والا معائنہ
- گردن سے یا بغل اور سے کسی گلٹی کا معائنہ
- پیٹ کا USG والا معائنہ (رگوں میں خون جم جانے کیلئے)
- رات کو سوتے میں آکسیجن کی مقدار والا ٹیسٹ (Somnography)
- خون کی شریانوں سے آکسیجن کی مقدار کا ٹیسٹ (ABGs)
- خون کا عام ٹیسٹ (FBC)
- جگر کی کارکردگی کے ٹیسٹ (LFTs)
- گردوں کی کمزوری کا ٹیسٹ (RFTs)
- جوڑوں کی بیماری کی تشخیص کیلئے ٹیسٹ (ANA)

Drugs:

ابھی تک کونسی دوائی استعمال کی ہے

- ناک بند ہونے کیلئے ناک والا سپرے (Nasal Spray)
- منہ کے ذریعے استعمال ہونے والا سپرے (Inhalers)
- منہ کے ذریعے استعمال ہونے (پھونک کے ذریعے) کیپسول (DPIs)
- سفید، چھوٹی، لمبی گولیاں (Steroids)
- دل کے مرض کیلئے دوائی
- پیشاب آور دوائی

ACEIs

β-blockers

T-B کی دوائی

- زکام اور نمونیا کے ویکسین
- بلغم کو نرم کرنے کیلئے گولیاں یا پاؤڈر والی دوائی
- گھر میں (16) سے (18) گھنٹے کیلئے oxygen
- ہمدا شیم کش دوائیاں

Past Admissions:

- پہلے کبھی داخل رہے ہیں
- آخری دفعہ کب داخل رہے ہیں
- کس وارڈ میں داخل رہے ہیں
- کیا دوائی استعمال میں رہی ہے
- کیا تشخیص رہی تھی

Past Procedures / Surgeries:

- کیا پہلے کبھی چھیڑوں سے پانی نکالا گیا ہے
- سرنج سے
- نلکی سے
- کیا پہلے کبھی سانس چلانے والی مشین پر رکھا گیا ہے۔
- CPAP
- ventilator
- کیا پہلے کبھی حلق میں سوراخ والا آپریشن ہوا ہے۔
- کیا پہلے کبھی چھیڑوں کا کسی قسم کا آپریشن ہوا ہے۔

Personal Hx:

- حقہ / سگریٹ پیتے ہیں یا پہلے پیتے رہے ہیں
- گھر میں بڑے ہیں

دوست احباب میں کوئی حقہ	سگریٹ پیتا ہے

(7) فالج

Preliminaries:

- کیا مریض خود بول سکتے ہیں
- مریض کس ہاتھ سے لکھتے تھے یا زیادہ کام کرتے ہیں (Dominant)

Chief Complaints:

- مریض کو کمزوری کب سے ہے
- ? کیا رات کو سوتے ہوئے ٹھیک تھے اور صبح اٹھے تو کمزوری واقع ہو چکی تھی
- کمزوری کس حصے میں ہیں اور کس طرف ہے
- کمزوری یک دم واقع ہوئی یا آہستہ آہستہ
- کیا پہلے صرف ایک حصہ کمزور تھا پھر آگے بڑھ کر اور بھی حصے کمزور ہوئے یا نہیں
- کیا چند دن پہلے اسی طرح کی کمزوری تو واقع نہیں ہوئی تھی جو کہ (24) گھنٹوں کے اندر ہی ٹھیک ہو گئی تھی

Identify Arterial Territory:

- کیا کمزوری کے ساتھ جسم کا کمزور سن بھی محسوس ہوتا ہے
- ACA کیا مریض سے ہاتھ ملائیں تو وہ پکڑے رکھتے ہیں اور چھوڑ نہیں سکتے
- کیا چلنے میں ان کو مسئلہ درپیش ہے
- کیا ان کے ٹانگوں میں بازوؤں کی نسبت کمزوری زیادہ ہے
- کیا ان کو بولنے میں کوئی دشواری تو نہیں ہے
- MCA کیا ٹانگ کی نسبت بازو میں کمزوری زیادہ ہے
- کیا اخبار پڑھنے میں ٹی وی دیکھنے یا اطراف کی نظر میں مشکل درپیش ہے
- PCA کیا اخبار پڑھنے میں سمجھنے میں کوئی دشواری تو نہیں ہے
- ? کیا آنکھوں کے سامنے ایسی چیزیں تو نظر نہیں آتیں جو حقیقتاً موجود نہ ہوں
- ? کیا بازو ٹانگ خود بخود بے اختیار حرکت تو نہیں کرنے لگتے

کیا ایک طرف بازو، ٹانگ کے ساتھ دوسری طرف کے آنکھ کے بیٹھنے کا بند ہو جانا یا آنکھ نہ بند کر سکنا تو نہیں ہوا

Vertebrd Basilar

کیا چیزیں ایک کی جگہ دو تو نہیں نظر آتی ہیں

کیا زبان میں لڑکھڑاہٹ تو نہیں ہے

کیا آواز نکالنے میں کچھ مشکل تو نہیں ہے

Differentiate b/w Ischemic Vs Hemorrhagic

کیا کمزوری اخلاج ہونے کے ساتھ یہ علامات تو واضح نہیں ہوئی تھیں

- B.P بہت زیادہ ہو جانا
- سر میں شدید درد ہونا
- قے آنا
- بے ہوش ہو جانا
- اُلٹیاں ہونا
- گردن کے پٹھے سخت ہو جانا

Rule Out Stroke Mimics:

کیا کمزوری واقع ہونے سے پہلے خون میں شوگر کی مقدار تو کم نہیں ہو گئی تھی

کیا پہلے سے آدھے سر درد کے مریض تو نہیں تھے اور ابھی بھی سر درد شروع ہونے کے بعد کمزوری واقع ہوئی ہو

کیا پہلے سے مرگی یا چکروں کی بیماری تو نہیں ہے

کیا کافی عرصے سے وقفے وقفے سے سر میں درد رہنا اور نظر کا کمزور ہونا تو نہیں تھا

کیا کمزوری سے پہلے مریض کسی شدید ذہنی دباؤ کا شکار تو نہیں تھا

کیا پہلے سے کسی سر طان کی تشخیص تو نہیں ہوئی تھی

کیا پہلے سے کسی کان وغیرہ سے پس تو نہیں نکل رہی تھی

ETIOLOGY:

① کیا پہلے سے بلند فشارِ خون کے مریض تو نہیں ہے (Hypertension)

② کیا پہلے سے شوگر کے مریض تو نہیں ہے یا ابھی فالج کے بعد شوگر کے مرض کی تشخیص تو نہیں ہوئی

③ کیا پہلے سے خون میں چکنائی کی مقدار زیادہ تو نہیں رہی ہے

④ کیا سگریٹ یا حقہ تو نہیں پیتے تھے یا پیتے ہیں

CARDIAC:

⑤ کیا کبھی دل کی کوئی بیماری رہی ہے۔

- رگوں کے تنگ ہونے کی
- سوراخ تنگ یا کھلے ہونے کی
- دل بڑا ہونے کی اور اس کے خانوں میں خون جم جانے کی
- بخار کے ساتھ دل کے سوراخوں پر جراثیم بننے کی بیماری
- دل کی دھڑکن تیز یا بے ترتیب ہونے کی
- دل کے مصنوعی والو لگانے کی

Vascular:

- کیا پہلے سے کبھی جسم کی رگوں کے تنگ ہونے کی شکایت رہی ہے
- کیا سینے میں شدید قسم کا درد جو پیچھے کاندھوں کے درمیان بھی جاتا ہو اور اس کے ساتھ سیدھے اور الٹے بازو کے فشارِ خون میں فرق ہو۔
- کیا ڈاکٹر نے معائنے سے یہ بتایا ہو یا گردن کی رگوں کا ٹی وی معائنہ ہوا ہو جس میں گردن کی سرخ رگوں کا (جو دماغ تک خون لے کر جاتی ہیں) 70% سے زائد تنگ ہونا بتایا ہو۔
- کیا سر کے بڑے ایکسرے میں دماغ کی رگوں کا پھولنا بتایا ہو یا رگوں میں اور کوئی نقص معلوم ہوا ہو۔
- کیا چلنے پھرنے سے ٹانگوں میں شدید درد تو نہیں ہوتا
- کیا انگلیوں پر کسی قسم کے زخم (خود بخود) تو نہیں بن جاتے۔

Blood disorders:

- کیا آپ کو خون کا گاڑھا ہونے کی بیماری تو کبھی تشخیص نہیں ہوئی ہے یا آپ کو یہ علامات تو نہیں ہوتی ہیں:
  - کانوں میں شور سنائی دینا، سر چکرانا
  - گرم پانی سے نہانے سے جلد میں خارش ہونا
  - جسم میں کسی رگ میں خون جم جانا
- کیا کبھی بچپن سے خون کی کمی کی ایسی بیماری تو نہیں رہی ہے جسکے ساتھ آپ کو ہاتھوں میں، پیروں میں، سینے میں شدید درد کے دورے پڑتے ہوں اور جو ڈرپ لگانے سے ٹھیک ہو جاتے ہوں

Auto-immunes:

کیا پہلے سے آپ کو یہ علامات تو نہیں رہی ہیں
- جوڑوں میں درد، سوجن، اکڑاہٹ رہنا
- بال زیادہ گرنا
- منہ میں چھالے نکلنا
- جلد پر خارش / داغ / دھبے نکلنا
- تلی اور جگر کا بڑھ جانا
- ناک سے کھانسی میں خون آنا
- گردوں کا کمزور ہونا اور پاؤں میں ورم آجانا
- اعضاء مخصوصہ پر زخم نکلنا
- بار بار حمل ضائع ہونا
- جسم میں گلٹیاں نکلنا، ہاتھوں پیروں میں سُن محسوس ہونا

Others:

- کیا کافی عرصے سے گردوں کی مستقل بیماری تو نہیں ہے۔ (CRF)
- کیا تھکر کی بیماری تو نہیں رہی ہے۔ (Thyrotoxicosis)

TRAUMA:

- کیا ابھی یا پہلے سر پر کبھی چوٹ تو نہیں لگی تھی
- کیا پہلے کہیں گرے ہوں اور سر زخمی ہو گیا ہو
- کیا سر زخمی ہونے کے ساتھ بے ہوش تو نہیں ہوئے تھے
- کیا خوراک چباتے وقت منہ میں یا جبڑے کے جوڑوں میں درد تو نہیں ہوتا ہے
- کیا دستوں میں خون آنے کی بیماری اور اسکے ساتھ کبھی رگوں میں خون جم جانے کی شکایت تو نہیں رہی ہیں

DRUGS:

- خون کو پتلا کرنے والی دوائی تو استعمال نہیں کی

warfarin

Aspirin

- مانع حمل ادویات تو استعمال نہیں کی ہیں
- کوئی نشہ آور اشیاء تو کبھی استعمال نہیں کی ہیں

پیروٹن

شراب

Complications:

فالج کی وجہ سے ان میں سے کوئی بے چیدگی تو واقع نہیں ہوئی

- پیٹھ / کمر پر زخم بننا
- ایڑیوں پر زخم بننا
- چھوٹے پیشاب میں بار بار زخم ہو جانا
- بار بار نمونیا ہو جانا
- ایک ٹانگ میں سوجن ہو جانا
- دونوں پیروں پر ورم آجانا
- قبض رہنا
- قبض کے بعد ہلکے سے دست رہنا

Functional Disability:

- کیا بات سمجھ سکتے ہیں
- کیا بات کر سکتے ہیں
- کیا چیزوں کے نام اُن کو دیکھ کر / محسوس کر کے بتلا سکتے ہیں
- کیا خود اُٹھ کر بیٹھ سکتے ہیں
- کیا کھانا خود کھا سکتے ہیں
- کیا خوراک کے لیے نالی لگی تو نہیں لگائی گئی ہے
- کیا خود کھڑے ہو سکتے ہیں
- کیا خود بغیر سہارے کے چل سکتے ہیں
- کیا چھوٹے پیشاب کے لیے نلکی تو نہیں لگائی گئی ہے
- کیا نیند کھنک ہے
- کیا اعضا میں دباؤ کا شکار تو نہیں ہو گئے ہیں
- کیا گھریلو باہر دفتر کے کام بازار مسجد گھومنے پھرنے کے لئے جا سکتے ہیں

Investigations:

کیا پہلے کبھی جب ان کو فالج ہوا ہے تو انھوں نے یہ ٹیسٹ کروائے ہیں

① سر کا بڑا / نگین ایکسرے
- رگ بند تھی
- رگ پھٹ گئی تھی
- دماغ میں رسولی تو نہیں تھی
- دماغ میں کیس سب تو ٹھیک تھا

② دل کا گراف (ECG) جس میں دل کی دھڑکن بے ترتیب اور تیز ہوتا بڑھ جاتی ہے

③ دل کا ٹی وی معائنہ جس میں یہ بتلایا ہو:
- دل کے والو (سوراخ) تنگ ہیں
- دل بڑا ہو گیا ہے
- دل کے خانے میں خون جم گیا ہے
- دل کے سوراخ پر جراثیم ہیں
- دل سے نکلنے والی بڑی رگ میں کوئی نقص ہو

④ گردن کی رگوں کا بذریعہ ٹی وی معائنہ
- کیا ایک طرف یا دونوں طرف کی رگیں تنگ تھیں
- رگیں کیا 70% سے زیادہ تنگ تھیں

⑤ کیا دماغ کا بڑا رنگین ایکسرے (رگ میں دوائی دینے کے بعد) لیا گیا تھا۔ اس میں کیا نقص نکلا
- دماغ کی رگوں کا پھولنا (Aneurysm)
- دماغ کی رگوں کا پھٹنا (Ruptured Aneurysm)
- دماغ کی رگوں کا ٹیڑھا ہونا (AVM)

⑥ کیا پیٹ کا ٹی وی معائنہ ہوا تھا۔ اس میں کیا تھا
- گردوں میں پانی کی تھیلیاں بننا
- تلی کا یا جگر کا بڑھ جانا
- آنتوں میں سوزش ہونا
- پیٹ کی رگوں کا بند ہونا

⑦ خون کا عام ٹیسٹ۔ اس میں کیا تھا
- گاڑھا ہونا
- سرخ خون کا زیادہ ہونا (Polycythemia)
- سفید خون کا زیادہ ہونا (Thrombocytosis)
- سفید خلیوں کا زیادہ ہونا (Leukocytosis)
- خون کی خاص بیماری جس میں خون جلدی خراب ہوتا اور ٹوٹتا ہے (Sickle Cell An)

سفید خون کا کم ہونا

(8) خون میں چکنائی کا ٹیسٹ (Thrombocytopenia)

(9) گردوں کا ٹیسٹ (Lipid Profile)

(10) خون کے پتلا ہونے کا ٹیسٹ (RFTs)

(11) فالج سے خون میں رونما ہونے والی نمکیات کی کمی کا ٹیسٹ (Na+ K+)

DRUGS USED

ابھی تک آپ نے فالج کے علاج کیلئے کیا دوائی استعمال کی ہے:

(1) خون کو پتلا کرنے والی دوائی (Aspirin)

(2) خون کو پتلا کرنے والی وہ دوائی جو

دل کا والو بدلوانے پر دی گئی ہو

نبض کی رفتار بے ترتیب ہونے پر دی گئی ہو

اور جس کے لئے ہر ہفتہ خون کا ٹیسٹ کروانا پڑتا ہو

(3) چکنائی کم کرنے والی دوائی (Statins)

(4) بلڈ پریشر کم کرنے والی دوائی (ACE - Inhibitors)

(5) دماغ کی رگوں کو تنگ ہونے سے بچانے کے لئے دوائی جو

دن میں (4) سے (6) مرتبہ دو گولیاں لینی پڑتی ہے اور

(3) ہفتوں کے لئے تجویز ہوئی ہوں (Nimodipine)

Patient/Attendant Education About Rehab

کیا آپ کو مریض کے علاج کے بارے میں ان چیزوں کا پتہ ہے:

- نلکی سے کیسے چھٹکارا دینی ہے
- نلکی کب ہٹانی ہے
- چھوٹے پیشاب کی نلکی کتنے دنوں بعد بدلوانی ہے
- مریض کو کروٹ کتنی دیر بعد بدلوانی ہے
- مریض کو ورزش کیسے کروانی ہے
- مریض کو باتیں کرنے میں کیسے مدد کروانی ہے

By Dr. Sufyaan Ahmed
Dr. Hamayun Masood
Ex TMO, MAW HMC.

(3) "EDEMA"

"PRELIMINARIES" some as Previous one:

CHIEF COMPLAINTS/HOPI

- آپ کو کیا تکلیف ہے اور کب اور کتنے عرصے سے ہے
- کیا سوجن ایک ٹانگ میں ہے یا دونوں میں
- کیا دونوں ٹانگوں میں سوجن ایک جیسی ہے یا ایک میں زیادہ ایک میں کم ہے
- کیا یہ سوجن جلد دنوں میں واقع ہوگئی تھی یا آہستہ آہستہ ہوا ہی تھی
- کیا ٹانگوں کے علاوہ یہ سوجن اور جگہوں پر بھی ہے۔
  - ہاتھوں میں
  - چہرے پر
  - کمر کی نچلی حصّے میں
  - پیٹ کا سوج جانا
- کیا انگلی سے دبانے سے اس سوجن میں نشان پڑ جاتا ہے

Associated Symptoms:

- کیا ٹانگوں کی سوجن کے ساتھ آپ کو سانس کی تکلیف تو شروع نہیں ہوئی اور سانس کیسے خراب ہوتا ہے
  - سیڑھیاں چڑھنے سے
  - ہموار زمین پر چلنے سے
  - سیدھا لیٹنے سے
  - سوتے رہنے سے بھی

"ETIOLOGIES"

(A) RENAL:

کیا آپ کو پہلے سے شوگر یا بلڈ پریشر زیادہ ہونے کی بیماری تو نہیں ہے۔ اور کتنے عرصے سے ہے

شوگر کی بیماری سے آپ کی نظر اور آنکھوں کے پردے کمزور تو نہیں ہوئے

اگر پہلے سے کوئی شوگر نہیں ہیں تو کیا یہ علامات تو نہیں ہیں

- وزن خود بخود کم ہونا
- بھوک اور پیاس زیادہ لگنا
- چھوٹا پیشاب بہت زیادہ آنا

کیا ٹانگوں میں سوجن ہونے سے پہلے (2 یا 3 ہفتے) آپ کو بخار ہوا تھا یا اس کے ساتھ گلہ خراب ہوا تھا یا جلد پر کسی قسم کی خارش یا زخم بنے ہوں اور اسکے لیے آپ نے بروقت جراثیم کش ادویات نہ لی ہوں

(1) Acute GN:

کیا ٹانگوں میں سوجن کے ساتھ آپ کو یہ تکالیف تو نہیں ہوئی ہیں

- چھوٹے پیشاب میں خون آنا
- چھوٹا پیشاب کالے رنگ کا ہونا
- چھوٹا پیشاب بہت کم آنا
- کمر میں دونوں طرف درد ہونا
- سر میں درد ہونا
- بلڈ پریشر کا بڑھ جانا

(2) (PSGN)

کیا ان علامات سے پہلے گلہ خراب ہونا یا جلد پر زخم بننا تو نہیں ہوا



کیا ٹانگوں کی سوجن سے پہلے آپ کو کچھ دنوں کیلئے دست تو نہیں رہے ہیں۔ جسکے بعد ٹانگوں میں سوجن، خون کا کم ہونا، آنکھوں میں پیلاہٹ آنا اور جسم کے کسی سے خون آنے کی شکایت ہوئی ہو

ISU (HUS/TTP)

کیا ٹانگوں کی سوجن کے ساتھ یہ علامات تو نہیں ہوئی ہیں۔

- جوڑوں میں درد اور سوجن
- پیٹ میں درد
- کالے رنگ کا پاخانہ
- ٹانگوں میں خارش کا نکلنا۔

"HSP"

اور ان علامات کا (4) سے (6) ہفتے کے اندر ٹھیک ہو جانا

- کیا ٹانگوں کی سوجن کے ساتھ کبھی یہ علامات تو نہیں رہی ہیں

- بالوں کا بہت زیادہ گرنا CTDs, Vasculitis
- آنکھوں میں ریتلا پن محسوس ہونا
- چہرے پر، جلد پر، دیسے یا دھوپ میں خارش نکلنا
- ناک سے خون آنا، بار بار بند ہونا، نزلہ زکام ہونا
- کھانسی آنا، کھانسی میں خون آنا
- جوڑوں میں سوجن، اکڑاہٹ رہنا

CHRONIC GN

- کیا پہلے آپ کو کبھی گردوں کی بیماری تشخیص ہوئی ہے جو چند دن رہ کر ٹھیک ہو گئی ہو

Polycystic Kidneys:

کسی مریض کو کبھی معائنے کے لیے یا USG کے لیے نہ تو نہیں
بتایا گیا کہ آپ کے گردے یا دونوں گردوں میں پانی کی
تھیلیاں بن گئی ہوں اور اسکے ساتھ بلڈ پریشر بڑھ جاتا
ہو یا دماغ کی رگوں کا پھولنا بتایا گیا ہو

Renal Stones:

- کیا کبھی آپ کو پہلے ایک یا دونوں گردوں میں پتھری یا بار بار
پتھریاں بننے کی شکایت رہی ہے اور کیا کبھی اُن کی تشخیص کے سلسلے
میں کبھی آپ کے یہ ٹیسٹ ہوئے ہیں:
- پیٹ کا ٹی وی سکائنہ
- خون میں Ca^{++} کی مقدار
- پتھری کا ٹیسٹ
- خون میں Uric Acid کا ٹیسٹ

Recurrent Pyelonephritis:

- کیا کبھی آپ کو گردوں میں بار بار زخم ہونے کی شکایت رہی ہے
جسکے ساتھ آپ کو یہ علامات ہوتی رہی ہوں:
- تیز بخار ہونا
- جسم میں کپکپی ہونا / ٹھنڈ لگنا
- کمر کے دونوں اطراف میں درد ہونا
- کھلوے پیشاب میں پیپ آنا
- کھلوے پیشاب میں جلن ہونا اور بار بار آنا

DRUGS:

کیا آپ نے پہلے یہ دوائیاں (ایک سے زیادہ یا ایک بار) استعمال تو نہیں کی ہیں

- دردوں کی گولیاں
- دردوں کیلئے گوشت میں انجکشن
- چھوٹے پیشاب کے زخم / پیپ کیلئے صبح شام رگ میں انجکشن (Amino Glycosides)
- پیشاب آور گولیاں (Diuretics)
- بلڈ پریشر کی دوائی (ACE-Inhibs)
- سرطان کی دوائیاں
  - ciclosporin
  - cisplatin
- جراثیم کش ادویات

RENAL ARTERY STENOSIS:

کیا ڈاکٹر صاحب نے کبھی معائنہ کرکے یا آپ کا گردوں کا USG کرکے یہ بتایا ہے کہ آپ کے گردوں کو جانے والی رگوں کے تنگ ہونے کی بیماری ہے جسکے ساتھ آپ کا بلڈ پریشر زیادہ ہونے کی اور گردے کمزور ہونے کی شکایت رہی ہو اور ڈاکٹر صاحب نے بلڈ پریشر کی ایک خاص قسم کی دوائی (ACE Inhibitors) کھانے سے منع کیا ہو

Multiple Myeloma:

کیا کبھی آپ جسم کی ساری ہڈیوں میں درد (خاص کر نچلی کمر میں) رہا ہے اور اسکے ساتھ تلی کا بڑھ جانا، خون میں کمی ہونا اور ہڈی کی گودی کا ٹیسٹ میں نقص معلوم ہوا ہو

(8)

Cirrhosis:

کیا وجہ ہے کبھی آپ کو یرقان تشخیص ہوا ہے۔
۔ یا اس سے پہلے آپ کو ٹانگوں کی سوجن کے ساتھ یہ علامات رہی
ہیں :

۔ پیٹ کا پھول جانا اور اس میں پانی ہو جانا
جگر کا سکڑ جانا، تلی کا بڑھ جانا
خون کی الٹیاں ہونا کالے رنگ کا پاخانہ آنا
معدے کی رگوں کا پھولنا
بے ہوشی ہونا یا ہوش میں کمی آنا

(9)

ECF :

کیا ٹانگوں کی سوجن کے ساتھ کبھی آپ کو یہ علامات رہی ہیں :
سانس کا پھولنا (خاص کر رات کو سیدھا لیٹنے سے)
سینے میں بائیں طرف درد ہونا (چلنے پھرنے سے)
دل کی دھڑکن بے ترتیب کا تیز رہنا
دل کے شوراخ کا تنگ ہونا یا زیادہ کھل جانا
دل کے پردے کے باہر پانی کا جمع ہونا
دل کے شوراخ پر جراثیم بننا
دل کا بڑا ہو جانا
عمل کے آخری ایام میں ان تکالیف کا بڑھ جانا
پھیپھڑوں کی TB یا دل کے پردے کی TB ہونا
کیا ڈاکٹر صاحبان نے جگر کے اور پٹھوں کے بعد دل کی کسی قسم
کی بیماری کی تشخیص کی ہے

(D)

Hypoalbuminemias:

- کیا کافی عرصے سے آپ کو دست ہونے کی بیماری تو نہیں ہے
- کیا آپ کھانے میں گوشت کی وافر مقدار استعمال کرتے ہیں
- کیا پہلے (نزدیک کے عرصے میں) کبھی آپ کو جلد کے اکثر حصے کی جلنے کی شکایت تو نہیں رہی ہے

(E)

Hypothyroidism:

کیا ٹانگوں کی سوجن کے ساتھ آپ کو یہ شکایات تو نہیں رہی ہیں:

- سردی زیادہ لگنا
- وزن دن بدن بڑھنا
- کسی کام میں جی نہ لگنا
- یادداشت کمزور ہونا
- جلد کا خشک اور کھردرا ہو جانا

(F)

Orthostatic

- کیا آپ سارا دن ایک ہی جگہ کھڑے ہو کر کام تو نہیں کرتے ہیں یا سارا دن کرسی پر بیٹھے ہوئے ٹانگیں لٹکائی تو نہیں ہوتی ہیں

Others:

- کیا پیٹ کے نچلے حصے میں ران سے اوپر گلٹی / گلٹیاں تو نہیں نکلی ہیں
- کیا کبھی ٹانگوں کی رگوں کے پھول جانے کی بیماری / شکایت تو نہیں رہی ہے
- کیا کبھی پیٹ کے نچلے حصے کا سرطان تو نہیں رہا یا اس کے لیے شعاعوں کا علاج تو نہیں کروایا

Prostatism

- کیا کبھی آپ کو مثانے کے گرد گوشت کے بڑھ جانے کی شکایات
یا بیماری کو تشخیص نہیں ہوئی ہیں (معائنے کے ذریعے
یا مثانے کے USG کے ذریعے)

- کیا کبھی یہ علامات رہی ہیں
پیشاب بار بار آنا
پیشاب رک رک کر آنا
پیشاب سے فارغ ہونے میں زیادہ وقت لگنا
پیشاب شروع ہونے میں دقت ہونا

Vesico-Ureteral Reflux:

- کیا کبھی بچپن میں مثانے کی ایسی کمزوری تشخیص ہوئی ہیں
ہوئی تھی جس میں چھوٹے پیشاب کا دوبارہ گردوں کی طرف
جانے کا مسئلہ بتلایا گیا ہو اور جس کے لیے ڈاکٹر صاحبان
نے آپریشن تجویز کیا ہو

Diabetes Mellitus:

- کیا شاگوں کی سوجن کے ساتھ گردوں کا کمزور ہونا اور پیشاب
کی بیماری آپ میں یا خاندان میں کسی اور فرد میں تو نہیں رہی ہے۔

HIV/AIDS:

- کیا کبھی آپ کا HIV کا کوئی ٹیسٹ ہوا ہے۔

Investigations: "Blood + Urine"

1. خون کا عام ٹیسٹ (FBC) اور اُس میں خون کی کمی (Anemia)
2. خون میں گردوں کیلئے کیا جانے والا ٹیسٹ (Urea, Creatinine)
3. چھوٹے پیشاب کا عام ٹیسٹ (Urine R/E)
   - رحم یا پیپ ہونا
   - خون ہونا
   - لحمیات کا خارج ہونا
4. چھوٹے پیشاب کا (24) گھنٹوں والا ٹیسٹ
5. خون میں نمکیات والا ٹیسٹ (Na^+, K^+, Cl^-)
6. خون میں کیلشیم، فاسفیٹ کا ٹیسٹ
7. خون میں Vit. D کا ٹیسٹ
8. خون میں فولاد کی کمی کا ٹیسٹ
9. کالے یرقان کا ٹیسٹ Hep Bs Ag / Anti-HCV
10. شوگر کا ٹیسٹ (FBS, HBA1C)
11. خون میں چربی کی مقدار کا ٹیسٹ (Lipid Profile)
12. خون میں جوڑوں کی سوزش معلوم کرنے والا ٹیسٹ (ANA)
13. خون میں لحمیات کی کمی کا ٹیسٹ (Proteins, Albumin)
14. پتھری کا ٹیسٹ

Radiology:

- گردے، پیشاب کی نالیوں اور مثانے کا ایکسرے (KUB) سادہ
  - دوائی کے ساتھ (I.V.U)
- گردے، پیشاب کی نالیوں اور مثانے کا ٹی وی معائنہ
- پیٹ کا ٹی وی معائنہ
- پراسٹیٹ کا ٹی وی معائنہ
- گردوں کے کام کی صلاحیت کیلئے کیا جانے والا ایکسرے (DTPA)
- گردوں کی رگوں کا رنگین ایکسرے (Cct Angiogram)

Renal Biopsy:

کی کچھ سوئی کے ذریعے ultra کی مدد سے آپ کے گردے سے
کچھ گوشت کے ٹکڑے کا نمونہ حاصل کیا گیا تھا

PROCEDURES / SURGERIES:

کیا کبھی آپ کا یہ آپریشن یا علاج تو نہیں ہوا ہے۔

① مثانے کا کیمرے کے ذریعے معائنہ (cystoscopy)

② بڑے پیشاب کے راستے سے سوئی کے ذریعے مثانے کے گرد
بڑے ہوئے گوشت کا شیٹ (Prostate biopsy)

③ شعاعوں کے ذریعے پتھری کا علاج (ESWL)

④ گردوں کا آپریشن پتھری نکالنے کے لیے (Pyelolithotomy)

⑤ گردے کا آپریشن (Nephrectomy)

⑥ پیشاب کی نالیوں میں سپرنگ ڈالا جانا (DJ stent)

⑦ گردوں کی صفائی

ہ. بذریعہ رگ (Hemo)

ز. بذریعہ پیٹ (Peritoneal)

Dialysis کے فوائد

اگر آپ گردوں کی صفائی کروا رہے ہیں تو کیا آپ کو یہ معلومات یاد ہیں

① . پہلی دفعہ صفائی کب کروائی تھی

② . صفائی کیسے کروا رہے ہیں

خون سے

پیٹ سے

⑤ . اگر خون سے کروا رہے ہیں تو کیا

کیتھیٹر (Double lumen) لگوا کر

آرٹری بنوا کر

④ کیتولا کہاں ہے (Double lumen)
گردن میں (Jugular)
سینے کے اوپر حصّہ میں (Sub. Clavian)
ران کے اوپر والی رگ میں (Femoral)

⑤ اگر رگ بنوائی ہے تو
رگ کس ہاتھ میں ہے ← الٹے / سیدھے
کلائی کی رگوں میں یا کہنی کی رگوں میں
کام صحیح کر رہی ہے یا بند ہو گئی ہے

⑥ صفائی پہلے میں کتنی مرتبہ کیے جاتے ہیں

⑦ ایک دفعہ صفائی کتنے گھنٹے ہوتی ہے

⑧ کتنا خون دوران صفائی لگتا ہے

⑨ صفائی کے دوران یہ مسائل تو نہیں ہوئے ہیں
بلڈ پریشر بہت بڑھ جانا
موشن میں کبھی آنا یا جھٹکے آنا
جسم میں پانی کم ہو جانا
جسم کے کسی حصّے سے خون آنا

⑩ کتنا گردوں کی صفائی کروانے سے آپ کی معذوری کی علامات
جھٹک سوری ہیں (اگر ہاں تو کون سی)

⑪ کیا گردوں کی صفائی کا خرچہ آپ خود برداشت کرتے ہیں
یا حکومت کی طرف سے مفت ہو جاتا ہے

⑫ کیا گردوں کی صفائی اسی طرح آپ مستقبل میں
بھی جاری رکھ سکتے ہیں

MEDICINES:

- کیا ان میں سے کوئی بھی دوائی استعمال کرتے ہیں یا پہلے کر چکے ہیں:
- پیشاب آور گولیاں (Diuretics)
- Ca^{++} اور PO4 کی گولیاں
- Vit D کی گولیاں
- فولاد کے انجکشن
- خون بڑھانے والے جلد میں لگائے جانے والے انجکشن

COMPLICATIONS (CRF):

- کیا گردوں کی کمزوری (جو اصل میں آپ کی ٹانگوں کی سوجن کی وجہ ہے) سے آپ کو کبھی یہ علامات رہی ہیں

CNS/PNS:

- بے ہوشی ہونا، ہوش میں کمی آنا
- جھٹکے آنا
- چیزوں، لوگوں اور جگہ کی پہچان نہ ہونا
- ہاتھ پیروں میں سُن محسوس ہونا
- ایک یا دونوں ٹانگوں کا مسلسل حرکت کرنا

Cardiothoracic:

- سانس کا پھولنا، پھیپھڑوں میں پانی ہو جانا
- سینے میں بائیں طرف درد ہونا جو سیدھا بیٹھنے سے بہتر ہو جائے
- دل کی رگوں کا تنگ ہونا
- چلتے پھرتے سے ٹانگوں میں درد ہونا

GIT:

- کھانے کو دل نہ ہونا / بھوک نہ لگنا
- قے یا متلی ہونا
- دست لگنا

Skin:

- جلد بروقت خشک رہنا
- جلد میں خارش رہنا
- جلد پر خود بخود کالے دھبے بن جانا
- ناخنوں کا سفید ہو جانا

Others:

- ہر وقت کمزوری محسوس کرنا
- وزن کم ہونا
- خون کم ہونا
- جسم کے کسی حصے سے خون آنا
- ماہانہ بیمار / ماہواری بند ہو جانا

Personal Hx:

- کیا آپ شوگر یا بلڈ پریشر کی دوا کھاتے ہیں
- کیا آپ نمک کم کھاتے ہیں
- کیا آپ پانی اور پینے کی دوسری چیزیں کم پیتے ہیں
- کیا آپ دردوں کی دوائی بہت زیادہ رکھتے ہیں

Family Hx:

DM, HTN, PKD, Alport Syndrome

Renal Transplant:

کیا کبھی آپ کو کسی معالج نے گردے کی تبدیلی کا مشورہ دیا ہے؟

کیا آپ کو گردے کی تبدیلی کے بارے میں بنیادی باتیں پتہ ہیں؟

By Dr. Sufyan Ahmad
Dr. Hamayun Masood.

(9)

"CHRONIC DIRRHOEA"

same as above

Reliminaries:

Chief Complaints:

- آپ کو دست کب سے ہیں (4) ہفتوں سے زیادہ ✓
- دست صرف نرم ہوتے ہیں یا بالکل پانی کی طرح ہوتے ہیں
- (5) گھنٹوں میں دست کتنی مرتبہ آتے ہیں
- کیا دست ہونے کی وجہ سے رات کو نیند سے جاگ جاتے ہیں
- کیا دست میں کبھی ریشہ یا خون بھی آیا ہے ۔ اگر ہاں تو خون کی مقدار کتنی ہے اور خون دستوں کے بعد آتا ہے یا خون دست میں ملا ہوا ہوتا تھا

Type of Dirrhea (Mechanism)

A) Secretory:

- کیا دست بہت زیادہ بالکل پانی کی طرح ہوتے ہیں جن سے پیٹ میں کوئی درد یا مروڑ نہیں ہوتا اور جو کھانا چھوڑ دینے کے باوجود بھی برقرار رہتے ہیں

B) Osmotic:

- کیا دست کسی خاص خوراک یا دوا کے کھانے سے مقدار میں بڑھ جاتے ہیں اور خوراک یا دوا کے بند کرنے سے مکمل طور پر ٹھیک ہو جاتے ہیں

c) Mechanical:

- کیا دست بہت بدبودار تیزابی نرم نہ ڈھل سکنے والے اور فلش کے پانی کے اوپر تیرنے رہنے والے تو نہیں ہوتے ہیں

d) Inflammatory:

- کیا دست ہونے کے ساتھ پیٹ میں درد ہونا بخار ہونا اور دست میں خون آنا ضرور ہو جاتا ہے

ETIOLOGY :

A) Intestinal :

IBS :

- کیا دست کے ساتھ آپ کو بار بار پیٹ میں درد ہوتا ہے (تقریباً ہر مہینے میں
③ یا اس سے زیادہ دنوں کیلئے) اور اس کے ساتھ کیا دست زیادہ
ہو جاتے ہیں اور کیا پاخانہ کرنے کے بعد پیٹ کا درد ٹھیک ہو جاتا ہے
- کیا اس کے ساتھ آپ کو یہ علامات تو نہیں رہتی ہیں
- پیٹ پھولا ہوا محسوس ہونا
- پیٹ میں گیس کی شکایت رہنا
- کبھی دست اور کبھی قبض رہنا
- معدے کی جلن اور بوجھ محسوس ہونا
- پیٹ پھولی کمر درد ہونا، الٹی ہونا اور قبض ہو جانا

IBD :

- کیا دست کی بیماری کے ساتھ آپ کو یہ علامات رہی ہیں
- دست میں خون آنا اور ریشہ آنا
- پیٹ کے کسی خاص حصے میں درد ہونا
- دست کے دوران بخار کا رہنا
- بڑے پیشاب کی جگہ درد ہونا
- ایک دفعہ میں مکمل پاخانہ نہ کر سکنا
- کیا ان دستوں کی بیماری کے ساتھ آپ کو یہ تکالیف رہی ہیں
- ٹانگوں پر زخم بننا (جو درد بھی کرتے ہوں)
- جلد پر کہیں اور زخم یا داغ دھبے بننا یا خارش ہونا
- ہاتھ پیر، بازوؤں ٹانگوں کے جوڑوں میں درد، سوجن، اکڑاہٹ
- آنکھوں میں درد، سرخ ہو جانا، نظر کم ہو جانا
- آنکھوں میں پیلاہٹ، یرقان ہو جانا

Celiac disease:

- کیا دست کی بیماری آپ کو بچپن میں 6 ماہ کی عمر میں تو دہلی دفعہ نہیں ہوئی تھی
- کیا آپ کے معالج نے آپ کو گندم اور اس سے بنی ہوا غذائیں استعمال کرنے سے منع تو نہیں کیا تھا
- کیا یہ غذائیں نہ کھانے سے آپ کے دست ٹھیک ہو جاتے ہیں

Giardiasis:

- کیا آپ کے بڑے پیشاب یا دست میں کبھی کیڑے آئے ہیں
  آپ نے خود دیکھے ہوں
  بڑے پیشاب کے ٹیسٹ میں آئے ہوں
- کیا اُن کے لیے کوئی علاج کروایا ہے

Whipple's disease

- کیا دست کے ساتھ آپ کو بڑے جوڑوں میں درد رہنا، یادداشت کی کمزوری ہونا اور دل کی کمزوری ہونا تو نہیں ہوا جس کے لیے آپ کے معالج نے ایک سال تک آپ کو جراثیم کش ادویات کے استعمال کا مشورہ دیا ہو

Pancreatitis:

- کیا دستوں کے ساتھ آپ کو معدے کی جگہ میں درد ہوا ہے جو کندھے کو درمیان بھی جاتا ہو
- کیا پہلے بھی آپ کو پتے میں پتھری کی شکایت تو نہیں رہی ہے

Bacterial overgrowth:

کیا دستوں کی بیماری کی تشخیص کیلئے کبھی آپ کا کوئی معائنہ ہوا ہے جس میں یہ پتہ چلا ہو کہ آپ کی انتڑیوں میں جراثیم کی تعداد بڑھ گئی ہو۔

B). Surgeries:

کیا دست ہونے سے پہلے آپ نے ان میں سے کوئی آپریشن تو نہیں کروایا ہے۔

- معدے کا آپریشن (Bariatric Surgery)
- معدے کو جانے والی رگوں کے کاٹنے کا آپریشن (Vagotomy)
- انتڑیوں کا آپریشن جس میں انتڑیوں کا آدھا سے اس سے زیادہ حصہ کاٹ دیا گیا ہو (Resection)
- پتے کی پتھری کا آپریشن (Cholecystectomy)
- کیا کبھی آپ کی آنتوں کو شعاع کا علاج تو نہیں کیا گیا

C). INFECTIONS:

- کیا پہلے آپ کو کبھی انتڑیوں کی T.B تو نہیں رہی ہے یا پہلے کسی قسم کی TB تو نہیں رہی ہے۔
- کیا پہلے کاٹے کا کچا دودھ تو نہیں پیتے رہے ہیں۔
- کیا کبھی آپ کو HIV/AIDS تو تشخیص نہیں ہوا تھا۔
- کیا آپ باہر کے ملک میں رہے ہوں
- کیا کسی سے غیر ازدواجی تعلقات رہے ہیں

D) ENDOCRINOLOGICAL:

- کیا آپ کو پہلے سے شوگر کی بیماری تو نہیں ہے (DM)
- کیا دست کی بیماری کے ساتھ آپ کو یہ علامات تو نہیں ہیں
  - دل کا تیز دھڑکنا (Hyperthyroidism)
  - ہاتھوں میں کپکپی
  - گرمی زیادہ لگنا
  - گلے میں گلہڑ کا نمودار ہونا
- کیا دست کی بیماری کے ساتھ آپ کو یہ شکایات تو نہیں رہی ہیں
  - اُلٹیاں ہونا (Addisons)
  - کمزوری محسوس ہونا
  - رنگت کالی پڑ جانا

E) DRUGS:

- کیا آپ کو پہلے سے قبض تو نہیں تھی جسکے لئے آپ قبض کشا ادویات استعمال کرتے رہے ہوں
- کیا بہت عرصے کیلئے آپ جراثیم کش ادویات تو استعمال نہیں کر رہے ہیں جسکے بعد آپ کو دست شروع ہوئے ہیں
- کیا آپ نے کبھی یہ ادویات زیادہ عرصے کیلئے استعمال کی ہیں
  - بلڈ پریشر کی دوائی (ACEIs, β-blockers)
  - کولیسٹرول کم کرنے والی دوائی (statins)
  - شوگر کی دوائی (Metformin)
  - دردوں کی دوائی (NSAIDs)
  - وٹامن سی کی گولیاں

E). malignancies

- کیا آپ کو دست کے علاوہ اسائو یہ شکایات رہی ہیں
- بڑے پیشاب میں خون آنا
- وزن کم ہونا
- بھوک نہ لگنا
- کھانا ہضم نہ ہونا (قبض)
- جسم میں کہیں گلٹیاں نکلنا

- کیا آپ کو دست کے ساتھ یہ علامات رہی ہیں
- پیٹ کے نیچے دائیں طرف درد ہونا
- سانس پھولنا
- سینے میں سے سیٹیوں کی آواز آنا
- دل کی کمزوری کے ساتھ پیروں پر ورم آنا

Other:

1 IBS

2 IBD

3 malabsorption

4 Secretory

5 Infectious

6 Surgical

7 drug

8 malignancy

9 Autoimmune

10. cystic fibrosis

Complications:

- کیا زیادہ عرصے تک آپ کو دست رہنے کی وجہ سے یہ علامات تو نہیں ہوتی ہیں۔

Anemia
- تھکاوٹ محسوس ہونا
- رنگت زرد ہونا
- جسم کے کسی حصے سے خون آنا

(Thrombocytopenia)

(Neutropenia)
- بار بار بخار ہونا

(Hypoalbuminemia)
